یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

Tear here

# D

SL. No : U

**CCE PR**
**UNREVISED**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 54 ] | [ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8

Total No. of Questions : 54 ] | [ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** | **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹಳೆ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / Old Syllabus )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 28. 06. 2019 ] | [ Date : 28. 06. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-15 ರವರೆಗೆ ] | [ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] | [ Max. Marks : 100

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 54 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 12 × 1 = 12

1. ضلع کلبرگی کی اہم ندیاں کون سی ہیں ؟

2. ٹوکیو کے ہوائی اڈہ کا نام کیا ہے ؟

3. محمد علی جوہر کا لقب کیا تھا ؟

4. ملا نصیرالدین کو گھر میں نہ پا کر عالم دوست نے کیا کیا ؟

5. نعت کسے کہتے ہیں ؟

6. زمین کا چاند کون بننا چاہتا ہے ؟

7. شاعر کیا پیغام دے رہا ہے ؟

8. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

9. کسان کی عزت کہاں کہاں ہوتی ہے ؟

10. شاعر کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟

11. کلبرگی کا قدیم نام کیا ہے ؟

12. مائکرو الیکٹرانکس میں نانو اشیاء کی کیا اہمیت ہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **دو** یا **تین** جملوں میں لکھئے : 11 × 2 = 22

13. کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر **دو تین** جملے لکھئے۔

14. شیخ حسین عبداللہ بن علی سینا کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

15. قدیم زمانے کے لوگوں کو نانو ذرّات کے متعلق زیادہ واقفیت نہیں تھی، کیوں ؟

16. مصنف نے ٹوکیو شہر کو کس طرح بیان کیا ہے ؟

17. محمد علی جوہر کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

18. حضور اکرمؐ جب حرمِ پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

19. وہ کون سی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

20. خود غرضی کا آج کل کیا حال ہے ؟

21. ملک کی ترقی میں کسان کیا کردار ادا کر رہا ہے ؟

22. شاعر کے مطابق کن لوگوں کو مرنے کا بھی شعور نہیں ہے ؟

23. قدیم دَور میں سائنس کی کون سی شاخیں تھیں ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :

24. ''خدا ان کی قبروں کو نور سے بھر دے۔''

25. ''ہم اپنی ذات کو اپنی اولاد کو اور جان و مال کو وطن پر نثار کر چکے ہیں۔''

26. ''ارے بے وقوفو! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

27. تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

28. جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے
آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر نہیں دیکھا

29. ازل میں ملا کیا نہ عالم کے تئیں
قضا نے یہی دل دِلایا ہے ہمیں

30. کسی **ایک** نثر نگار کا تعارف لکھئے :

(i) کرشن چندر (ii) ڈاکٹر وحید انجم

31. کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھئے :

(i) علاّمہ اقبالؔ (ii) فراقؔ گورکھپوری

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

32. ام المؤمنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

عمر خیّام کو علم ہیئت کا امام اور ریاضی دانِ اعظم کیوں کہا جاتا ہے ؟

33. ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

## PART-B/حصہ - ب

درج ذیل سوالات کے **چار** متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 15 × 1 = 15

34. اللہ تعالیٰ کی تعریف و توصیف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔

A) حمد B) نعت

C) غزل D) رباعی

35. غزل کے لغوی معنی ہیں۔

A) غیر ضروری باتیں کرنا B) عورتوں سے باتیں کرنا

C) نوجوانوں سے باتیں کرنا D) آپس میں گفتگو کرنا

36. مضمون کے حصّے ہوتے ہیں۔

A) دو B) چار

C) تین D) پانچ

37. نجی خط ان کو لکھے جاتے ہیں۔

A) دفتری امور سے متعلق افسروں کو
B) لین دین کے تعلق سے تاجروں کو
C) سرکاری افسران کو
D) دوستوں اور رشتہ داروں کو

38. وہ کلمہ جو خود معنی دیتا ہو، کہلاتا ہے۔

A) غیر مستقل کلمہ
B) مستقل کلمہ
C) حروف
D) محاورہ

39. لفظ علمِ نجوم کے معنی ہیں۔

A) ستاروں کا علم
B) علمِ کیمیا
C) علمِ ریاضی
D) علمِ عروض

40. واحد لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

A) فنون
B) مضامین
C) افراد
D) ایجاد

41. محاورہ ''آنکھیں کُھل جانا'' کا مطلب ہے۔

A) حقیقتِ حال معلوم ہونا
B) مایوسی ہونا
C) غمزدہ ہونا
D) غصّہ ہونا

42. لفظِ مہمان کی ضد ہے۔

A) نوکر
B) غلام
C) فقیر
D) میزبان

43. مرکب جملے کی نشاندہی کیجئے۔

A) لڑکا کھیلتا ہے۔
B) ریحان کھیل رہا تھا اور مدثر پڑھ رہا تھا۔
C) فردوس گا رہی تھی۔
D) ایان لکھتا ہے۔

44. ڈراما ایک یونانی لفظ ''دراؤ'' سے مشتق ہے جس کے معنی یہ ہیں۔

A) کر کے دکھانا
B) ناچ کے دکھانا
C) گانا گانا
D) لڑائی کرنا

45. زیارت کرنے والے۔

A) مسافر
B) سیّاح
C) سادھو
D) زائرین

46. وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔

A) حروفِ عطف
B) حروفِ ربط
C) حروفِ تخصیص
D) حروفِ فجائیہ

47. لفظ دَور کے معنی زمانے کے ہیں تو دُور کے معنی ہیں۔

A) پوشیدہ
B) فاصلہ
C) مایوس
D) خبر

48. معنی کے لحاظ سے غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے :

A) شمس
B) سورج
C) زمین
D) آفتاب

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : $2 \times 2 = 4$

49. رباعی کی تعریف کیجئے۔

50. جملے کی تعریف مع مثال لکھئے۔

## PART-C/حصّہ-ج

51. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

i) Our state's name is Karnataka.

ii) Bengaluru is a famous city of Karnataka.

iii) Urdu is our mother tongue.

52. اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھ کر دو دن کی رخصت طلب کیجئے۔ 1 × 4 = 4

یا

اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیتے ہوئے اپنے والد محترم کو ایک خط لکھئے۔

53. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) موبائیل فون

(ii) جہیز کی لعنت

(iii) ماحول کا تحفظ

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

54. ہمارے ملک کے سابق صدر ڈاکٹر عبدالکلام کا شمار دنیا کے مشہور سائنس دانوں میں ہوتا ہے اسی لئے آپ کو بابائے میزائیل کہا جاتا ہے۔ڈاکٹر عبدالکلام کا پورا نام ابوالفاخر زین العابدین عبدالکلام ہے۔

آپ کا جنم 15/اکتوبر 1931ء میں ریاستِ تمل ناڈو کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں ہوا۔آپ ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔مگر اپنی محنت، سچی لگن اور ان تھک کوشش کے ذریعہ اپنے خوابوں کو حقیقت میں تبدیل کر دیا۔آپ کی وطن دوستی اور قومی خدمت کو سراہتے ہوئے قوم نے ڈاکٹر عبدالکلام کو بھارت رتن ایوارڈ سے نوازا۔

سوالات :

(i) بابائے میزائیل کسے کہا جاتا ہے ؟

(ii) ڈاکٹر عبدالکلام کا پورا نام کیا ہے ؟

(iii) ڈاکٹر عبدالکلام کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(iv) قوم نے ڈاکٹر عبدالکلام کو کس ایوارڈ سے نوازا ؟